انوپم چترا کا نرالا شاہکار

طوفان

آرٹ کلاکاران :
راجیندر لال ، رادھا کشن
کالی کمل جی

قیمت ۱ ایک آنہ

سینما بک ڈپو کھاری باؤلی دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)

طلاق کے گانے

نمبر ۱ - نئی عمر کی کلیوں ، تم کو دیکھ رہی دنیا ساری
تم پہ بڑی ذمہ داری
گھر گھر کو تم سورگ بنانا ہر آنگن کو پھلواری
تم اس دیش میں جنمی ہو جس دیش میں جنمی تھی سیتا
تم اس دیش کی کنیا ہو جس دیش میں گونج رہی گیتا
کبھی بھول کر بھی نہ لگانا جیون میں تم چنگاری
گھر گھر کو تم سورگ بنانا ہر آنگن کو پھلواری
یہ نہ بھولنا جہاں جہاں ہیں پھول وہاں ہیں کانٹے بھی
جہاں جہاں پر ہوتے ہیں طوفان وہاں سناٹے بھی
تم اس جگ میں ہنس ہنس جینا، مت کرنا من کو بھاری
گھر گھر کو تم سورگ بنانا ہر آنگن کو پھلواری
دیکھو کہیں بھٹک مت جانا جھوٹے ہاس۔ ولاسوں میں
کرنا ایسے کام تمہارا نام ہے اتہاسوں میں
ساودھان رہنا بہنوں، آ رہی تمہاری بھی باری
گھر گھر کو تم سورگ بنانا، ہر آنگن کو پھلواری
نمبر ۲ - لگی جو ٹھوکر کھا گئے چکر، ٹوٹے لڈو من کے
چلے تھے جو بے چھینٹے ہونے، رہ گئے دوبے بن کے
جھک گئی دیکھو گردن ان کی چلتے تھے جو تن کے
ہو گئے جو پٹ سبھی ارادے آج کسی کے من کے

کھڑے ہیں بن کے بھیگی بلی لگے ہیں منہ پر تالے
ہم نے دیکھا نہیں برستے بہت گرجنے والے
گیدڑ شیر نہیں ہو سکتا شیر کی کھال پہن کے
ہو گئے چوپٹ سبھی ارادے آج کسی کے من میں
برا کسی کا کرنے والے بھلا کبھی کر نا سکیں
بڑے بکتے ہیں لوگ یہاں کے لیتے بدلے گن کے
ہو گئے چوپٹ سبھی ارادے آج کسی کے من کے

نمبر ۳۔ بگل بجا ہے آزادی کا گگن گونجتا نعروں سے
ملا رہی ہے آج ہند کی مٹی نظر ستاروں سے
ایک بات کہنی ہے لیکن آج دیش کے پیاروں سے
جنتا سے، نیتاؤں سے، فوجوں کی کھڑی قطاروں سے
کہنی ہے اک بات ہمیں اس دیش کے پہریداروں سے
سنبھل کے رہنا اپنے گھر میں چھپے ہوئے غداروں سے
جھانک رہے ہیں اپنے دشمن اپنی ہی دیواروں سے
سنبھل کے رہنا اپنے گھر میں چھپے ہوئے غداروں سے
لوٹ رہے ہیں دیش کی دولت لوبھی رشوت خور یہاں
کاٹ رہے ہیں جنتا کی جیبیں وطن کے دشمن چور یہاں
سچ کے اوپر جھوٹ کا دن دن بڑھتا جاتا زور یہاں
جاگتے رہنا، اے نیتاؤ، خطرہ چاروں اور یہاں

نہیں چلے گا کام دوستو، کیوں جے چے کاروں سے
سنبھل کے رہنا، اپنے گھر میں چھپے ہوئے غداروں سے
آج اٹھا دو سب ذرکائیں یہاں سے کالے دھندھوں کی
دال نہ ہرگز گلنے دینا اب سوارتھ کے اندھوں کی
سب سے پہلی یہ زمین ہے آزادی کے بندوں کی
بھگت سنگھ کے اس بھارت میں جگہ نہیں جے چندوں کی
آج یہی ہے مانگ ہماری قوم کے سب سرداروں سے
سنبھل کے رہنا اپنے گھر میں ...

اے بھارت ماتا کے بیٹو، سنو! سمے کی بولی کو
پھیلاتی جو پھوٹ یہاں پر دور کرو اس ٹولی کو
کبھی نہ جلنے دینا پھر سے بھید بھاؤ کی ہولی کو
جو باپو کو چیر گئی تھی یاد کرو اس گولی کو
ساری بستی جل جاتی ہے مٹھی بھر انگاروں سے
سنبھل کے رہنا، اپنے گھر میں ...

دور ہٹا دو ان سب کو جو خون وطن کا چاٹ رہے ہے
وہ سب ہیں دیش کے دشمن جنت کو جو بانٹ رہے ہے
آزادی کو نئی لتا کی جھریوں سے جو چھانٹ رہے ہے
جاگو لوگوں، جگا رہے ہیں تم کو کال اشاروں سے
سنبھل کے رہنا، اپنے گھر میں ...

جاگو تم کو بابو کی جاگیر کی رکشا کرنی ہے
جاگو، لاکھوں کی تقدیر کی رکشا کرنی ہے
ابھی ابھی جو بنی ہے اس تقدیر کی رکشا کرنی ہے
ہوشیار، تم کو اپنے کشمیر کی رکشا کرنی ہے
آتی ہے آواز یہی مندر مسجد گوردواروں سے
سنبھل کے رہنا اپنے گھر میں چھپے غداروں سے

نمبر ۹ - میرے جیون میں کرن بن کے بکھرنے
بولو بولو تم کون ہو؟
آنکھوں آنکھوں سے میرے من میں اترنے والے۔ بولو تم کون ہو؟
کیا کسی دیوی کے بھیجے ہوئے بردان ہو تم؟
کیا میرے پچھلے جنم کی کوئی پہچان ہو تم
ڈھونڈھتا تھا جسے دل کیا وہی مہمان ہو تم؟
اپنی مسکان سے پاگل مجھے کرنے والے
بولو تم کون ہو؟
اس طرح آج کیوں للچا رہے ہو تم مجھ کو؟
بات وہ کیا ہے جو سمجھا رہے ہو تم مجھ کو
کس ادا کے لئے جا رہے ہو تم مجھ کو
چپکے چپکے میری دنیا کو بدلنے والے تم کون ہو؟
او بابو صاحب، او میم صاحب کیا رکھا ہے اس تکرار میں

ذرا تو آنکھیں دیکھو ملا کے
بڑا مزا ہے پیار میں
بدھو نہ میٹھا مان جاؤ مسٹر، مل کے رہو سنسار میں
ذرا تو آنکھیں دیکھو...
ابھی نہیں یہ آپس کی ان بن سنو سنو نیر میاں جی
لڑتا تو مسٹر ہم، ہے ایک لڑکپن اسمیں بڑا نقصان جی
کیوں بیٹھے ہٹ کے، مکھڑا لپٹ کے
پھر سے بندھو اک تار میں
ذرا تو آنکھیں ملا کے....
میاں اور بیوی کے جھگڑوں نے اجاڑا
لاکھوں گھروں کو اجاڑا
یہ کھینچا تانی اچھی نہ رانی، گھر کو بناؤ نہ اکھاڑا
چھوڑو یہ گرمی آئے دھرمی غصے کے تیکھے بخار میں
ذرا تو آنکھیں ملا کے....
جیون میں جو سکھ سے رہنا ہے تو غصہ پر کچھ کنٹرول کرو
اپنی اکڑ پر بریک لگاؤ جھوٹے بڑپن کو گول کرو
جھگڑا نہ کرنا ڈوبے گی ورنا نیا بھی منجدھار میں
ذرا تو آنکھیں ملا کے....

ختم شد

صابن سازی

اس کتاب میں ہر قسم کے دیسی و ولایتی صابن بنانے کے جدید ترین درج کئے گئے ہیں جن کے ذریعے ٹھنڈے و گرم پانی سے تیار ہونے والے صابن مثلاً نہانے کا صابن ۔ بانی اڑانے کا صابن ۔ نیم صابن سیپتیل ۔ دیسی صابن وغیرہ و صابن کے کھلونے بنانا وغیرہ کی ترکیبیں درج ہیں جن کے ذریعہ ہر شخص گھر بیٹھے دو سو ڈھائی سو روپیہ ماہوار پیدا کر سکتا ہے نہایت بہترین کتاب ہے قیمت صرف ۲/۹ مع محصول ڈاک

دنیا کی تان

اس کتاب میں ہندوستان کی مشہور و معروف ایکٹرسیں میں ٹما کے گائے ہوئے گانوں کا بہترین مجموعہ دیا گیا ہے یہ گانے جو سنتا ہے وجد میں آجاتا ہے ۔ ایک بچہ بھی بہ آسانی گا سکتا ہے قیمت ۔ ۲/۱ مع محصول ڈاک

ملنے کا پتہ :-

سینما بکڈپو کھاری باؤلی دہلی

انکیمیکو
گرائپ مکسچر
بچوں کو تندرست اور ہنس مکھ بناتا ہے۔
اور دانت آسانی سے نکالتا ہے
امربام
سر درد ، چوٹ ، جلن ،
وغیرہ کے لئے
دادکا ناش
داد ، کھجلی ، ایگزیما (چنبل) کے لئے مفید ہے
رنگین اور سفید دونوں طرح کی ملتی ہے۔
دی انڈیا کیمیکل کمپنی ، دہلی
ھیڈ آفس کھاری باولی ، دہلی ۔ برانچ برہانا روڈ ، کان پور